30 جولائی 2015ء

اسٹیٹ بینک نے پاکستان میں ''ڈی–ایس آئی بیز'' کی شناخت، ضوابط سازی/ نگرانی کے بارے میں فریم ورک کا ڈرافٹ جاری کردیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مالی نظام کا استحکام یقینی بنانے، اور نگرانی و ضوابط سازی کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں ''پاکستان میں ڈی–ایس آئی بی (Domestic Systemically Important Banks) یعنی نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کی شناخت، ضوابط سازی/ نگرانی'' کے لیے ایک فریم ورک تیار کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک اس فریم ورک کے نفاذ سے قبل اس دستاویز پر بینکاری صنعت، دانشوروں، ماہرین معاشیات اور دیگر متعلقہ فریقوں سے رائے لینا چاہتا ہے۔

حالیہ عالمی معاشی بحران کے تناظر میں نظام کے لحاظ سے اہم مالی ادارے (financial institutions) توجہ کا مرکز بنے۔ مالی استحکام بورڈ/ بازل کمیٹی برائے بینکاری نگرانی (بی سی بی ایس) نے نومبر 2011ء میں بڑے مالی اداروں کی لچک بڑھانے کی غرض سے ایک G-SIFIs فریم ورک جاری کیا تھا۔ بعد میں، اکتوبر 2012ء میں اس فریم ورک کو ''ڈی–ایس آئی بی'' تک وسیع کردیا گیا۔ اسٹیٹ بینک بین الاقوامی سطح پر ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہ ہے، اس کے ساتھ ساتھ اسے پاکستان کے مالی اداروں میں نظامیاتی انکشاف (systemic exposures) کے بڑھنے سے بہتر طور پر نمٹنا بھی ہے، چنانچہ اسٹیٹ بینک نے یہ فریم ورک تیار کیا ہے جس میں درج ذیل امور شامل ہیں: (الف) نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کی شناخت کے لیے معیار مقرر کرنا، اور (ب) نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کے لحاظ سے پالیسی مضمرات پر مستقبل کی راہِ عمل، تاکہ ان کی لچک بڑھائی جائے۔ فریم ورک میں، پاکستان میں نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کی شناخت کی غرض سے معیار مقرر کرنے کے لیے بی سی بی ایس کا نشانیہ طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے۔ نظامیاتی اہمیت کی پیمائش کے لیے جو اظہاریے (indicators) استعمال کیے گئے ہیں وہ حجم، مالی لین دین کا باہمی ربط (interconnectedness)،
متبادل ہونے کی صلاحیت (substitutability) اور پیچیدگی (complexity) ہیں۔ اس کے علاوہ فریم ورک میں نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کے لیے ممکنہ مخصوص ضوابط، نگرانی، اور کوائف کے اظہار کی شرائط (disclosure requirements) جیسے امور پر بھی توجہ دی گئی ہے تاکہ مالی استحکام برقرار رکھا جائے، اور بحران کے دوران ایسے اداروں کے انتظام کے لیے براہِ راست مدد اور حکومت کی مضمر ضمانت حاصل کرنے کا امکان کم کیا جائے۔

توقع ہے کہ نظام کے لحاظ سے اہم ملکی مالی اداروں کی شناخت اور ضوابطی و نگراں فریم ورک کی تشکیل کے سلسلے میں مستقبل میں ہونے والا کام نظام کے خطرے کو محدود کرنے اور مالی شعبے کا استحکام یقینی بنانے میں بہت کارآمد ثابت ہوگا۔ فریم ورک اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر اس لنک پر دیکھا جاسکتا ہے:

http://www.sbp.org.pk/osed/2015/Discussion-Paper-D-SIBs.pdf

اس سلسلے میں تبصرے ان پتوں پر 31 اگست 2015ء تک ارسال کیے جائیں:

Sarwat.amir@sbp.org.pk, Rizwana.rifat@sbp.org.pk